RAMPUR GOV^T GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز سہ شنبہ بتاریخ ۱۶ جمادی الاول ۱۳۱۳ھ مطابق ۴ نومبر ۱۸۹۵ء	جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم انچارج صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۱	رخصت غلام رسول خان نائب تحصیلدار۔	۱
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۲	نقشہ عرضی صحیح النسا دربارہ موقوفی منشی تجمل حسین مختار عام۔	۱ و ۲
	روبکار کرنیل رابس صاحب بہادر	
۳	بابت مشتہر کرنے ملٹری آسامی بجائے محکمہ جرنیلی۔	۲
۴	اشتہار سیلاب قطیرہ۔	ضمیمہ
۵	نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخ نامہ جنس۔	

ملخص حکم جلاس انچارج صاحب ریونیو ممبر بہادر

۲۷ اکتوبر ۱۸۹۵ء

حسب خواہش غلام رسول خان نائب تحصیلدار بلاسپور رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت بغرض تبدیل آب و ہوا منظور کی گئی۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

نقل اس کاغذ کی مع نقل عرضی سابالمہ گزٹ سرکاری میں شائع کیجائے اور ایک نقل کاغذ ہذا مع نقل عرضی ساالمہ بخدمت صاحب سشن و ڈسٹرکٹ جج بہادر مرسل ہو کہ جملہ عدالتہائے دیوانی و فوجداری میں اطلاعاً گشت کرا کر واپس عنایت فرماویں۔ یہ کاغذ بنابر تحریر جواب سررشتہ

دار الانشا کو واپس ہو — ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۵ء

بزودِ خشت محکمہ دار الانشا

نقل ڈاکٹ ہذا مع اصل عرضی مراد کارروائی محکمہ صاحب جج دیشل مرسل ہو کہ

مرسل ہو کہ بعد کارروائی واسطے تحریر جواب کے اطلاع دیجاوے۔

المرقوم ۴ رجب جمادی الاول ۱۳۱۳ھ مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۸۹۵ء

بقلم منشی جوگل کشور

حکم صاحب سکرٹری بہادر

بذریعہ محکمہ دار الانشا عدالتہائے دیوانی و فوجداری و رجسٹری کو

اطلاع دیجاوے — ۲۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

منجانب صاحب ریذیڈنٹ بہادر بنام صاحب

سکرٹری بہادر نمبری ۱۹ مورخہ ۲۱ اکتوبر ۱۸۹۵ء

درخواست منجانب مسماۃ صبیحۃ النساء زوجہ مولوی

محمود عالم زمیندار موضع ملک نراین پور۔

درخواست مسطورہ برائے تعمیل ارسال خدمت شریف ہے۔

درخواست نسبت اطلاع علیحدگی منشی تجمل حسین مختار عام از جانب

مسماۃ صبیحۃ النساء بسبب بالغ ہو جانے اپنے پسر منظور عالم کے

بحضور پر نور خداوند نعمت فیض زمان فیض رسان یکتہ یکسان

جناب صاحب پریذیڈنٹ مختار ریاست رامپور دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی گذارش یہ ہے کہ بموجب حکم

جناب صاحب نواب کلکٹر بہادر ضلع مراد آباد مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۸۹۵ء

بمطابق درخواست فدویہ کے منشی تجمل حسین مختار عام موقوف کئے گئے

لہذا بغرض اطلاع حضور میں درخواست گذرانتی ہوں کہ آیندہ سے

کوئی کارروائی مختار تا منشی صاحب موصوف یا اصالتاً انکے

ذریعہ کی کالعدم خیال کیجاوے اور عدالتہائے صیغہ رجسٹری و مال

و دیوانی و فوجداری کو بھی بذریعہ حکم حضور اطلاع دیجاوے کہ کوئی

کارروائی مختار تا جائز نہ سمجھی جاوے اور نہ مانی جاوے —

چونکہ فدویہ پردہ نشین ہے لہذا اگر کوئی عدالت کی کارروائی ہوگی

وہ میں اپنے فرزند منظور عالم جو شرعاً بالغ ہو چکا انجام دونگی اور وہ جائز

بھی خیال کیجاویگی — یہ درخواست بذریعہ رجسٹری ارسال

کیجاتی ہے کہ بوقت ضرورت سید رجسٹری عدالت میں پیش کر دوں

آفتاب دولت کا ہمیشہ تابان و درخشان رہے

روبکار اجلاس کرنیل جی سی راس صاحب بہادر ملیٹری اڈوائیزر و سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ سپاہیان ریاست رامپور واقع ۲۳ اکتوبر ۱۸۹۵ء

سابق سے یہ محکمہ بلفظ جرنیلی مشہور تھا اب سال رواں سے یہ محکمہ

بنام ملیٹری آفس یعنی دفتر فوجی مشتہر کیا جاتا ہے آیندہ جو خط و کتابت

اس محکمہ سے ہو وہ بنام ملیٹری آفس یعنی دفتر فوجی ہونا چاہیے لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی پاس کل افسران فوج مرسل ہو اور ایک نقل

اسکی بغرض طبع ہونے گزٹ کے مطبع کو بھیجی جاوے۔

اشتہار

جشن میلہ بےنظیر ریاست رامپور بابت ۱۸۹۵ عیسوی

یہ میلہ پانچ چھہ سال سے متصل گنیش گھاٹ ایک وسیع و پُرفضا میدان مین ہوتا ہی۔ عام آسایش کے لیے متصل میدان مسجد و مسافرخانہ بھی منجانب ریاست بنا ہوا ہی۔ مرادآباد و بریلی سے رامپور تک ریل بھی جاری ہی اور میدان میلہ سے تھوڑے فاصلہ پر عالیشان اسٹیشن بنا ہوا ہے۔ اس سال یہ میلہ خاص توجہ نظر کیمیا اثر حضور پرنور ہز ہائنس نواب صاحب بہادر ادام اللہ اقبالہم وضاعف اجلالہم ۲۴ نومبر ۱۸۹۵ء روز یکشنبہ سے شروع ہو کر یکم دسمبر ۱۸۹۵ء کو روز یکشنبہ ختم ہوگا۔ خود بندگان حضور پرنور بنفس نفیس ابتدا سے انتہا تک رونق افزا اے میلہ رہیں گے پانچ چھہ سال سے اس میلے نے نمایش کا لباس پہنکر مفید امور مین جسقدر ترقی کی ہی میلہ دیکھنے والوں پر مخفی نہیں نمایش آلات زراعت۔ تجارت۔ صنعت و دستکاری یہ سب باتین تجربہ سے مفید اور فائدہ رسان ثابت ہوئین جو سلسلہ وار ایک سال سے دوسرے سال ترقی پذیر ہوتی آتی ہین۔ دلچسپی و فرحت کے سامان مثل کشتی۔ گھوڑدوڑ۔ آتشبازی۔ جنگ فیلان۔ وغیرہ ہر سال ہوتی ہین اور اس سال اور بھی جملہ امور مفیدہ اور سامان دلچسپی بندگان حضور پرنور دام ملکہم کی خاص توجہ سے ترقی کے سامان ہین۔ ہر ایک کرتب اور کام کے لیے مناسب انتظام رکھا گیا ہی جسکا پروگرام علیحدہ ہوگا۔ گورنمنٹ کا ہتیا اور مویشی تجار اسپان کو گھاس بلاقیمت دیجاےگی۔ اور پسند آنے پر کارخانجات سرکاری رجمنٹ وغیرہ کیلئے گھوڑے گاے بیل خرید ہوں گے۔ باہر کے سوداگرون کو ضرور ہے کہ ایک ہفتہ پیشتر اپنے آنے سے سکریٹری میلہ کو اپنے پتہ اور نشان سے مع تفصیل سامان ہمراہی اطلاع دین تاکہ اونکو یہان پہونچنے پر آسایش ملسکے۔ اور ایک دن پیشتر میلہ سے یہان پہونچ جانا چاہیے ختم میلہ سے ایک دو روز بعد تک بھی تجار بقیہ اسباب بیچنے اور فروخت کرنے کے مجاز ہوں گے۔

المشتہر

محمد احمد مینائی سررشتہ دار محکمۂ اجلاس صدر ریاست رامپور

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۲۸ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل اموات: ۱ سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۱۶	۱۳	۳	۶	۳۹	۲۰	۱۹	۹	۸	۳	۳	۸	۱۲	۲۰	۲۳	۲۲	۹	۰	۰	۲۱	۲۲	۲۳	۰
حوالی شہر	۳	۷	۰	۰	۱۰	۳	۷	۳	۳	۰	۰	۱۶	۱۴	۱۹	۱۸	۱۴	۲۲	۰	۰	۲۹	۸	۳۶	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ملک	۱	۱۰	۳	۸	۲۲	۴	۱۸	۳	۴	۲	۰	۸	۲	۱۳	۶	۴	۱۵	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل سے نقشہ نہیں آیا
[illegible]	۱	۳	۰	۳	۸	۱	۷	۳	۱	۰	۰	۵	۱	۹	۲	۳	۸	۰	۰	۴	۷	۱	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل سے نقشہ نہیں آیا
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ٹانڈہ	۲	۱	۳	۱	۸	۶	۲	۳	۱	۱	۰	۳	۲	۶	۳	۵	۳	۱	۰	۰	۸	۹	۰
میزان	۲۳	۳۴	۱۱	۱۹	۸۷	۳۴	۵۳	۲۲	۱۶	۶	۳	۳۹	۳۱	۴۴	۵۱	۶۰	۵۹	۱	۰	۵۲	۶۲	۱۱۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۲۸ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳	ملا	ملا	ملا	۰	۱۲	تحصیل بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خاص	۱۵	۱۳	۱۴	۱۵	۰	۱۶	
نخود کشتہ آمیز	۱۷	۱۴	۱۷	۰	۰	۰	
[illegible]	۱۸	۰	۰	۱۷	۰	۰	
ماش	۹	۸	۹	۱۰	۰	۷	
مونگ	۱۲	۰	۰	۱۰	۰	۸	
مکا	۱۸	۱۷	۲۰	۱۸	۰	۱۹	
بجرے	۲۰	۰	۰	۰	۰	۲۰	
کودھرے	۱۶	۰	۰	۰	۰	۱۶	
مسور	۱۸	۱۵	۰	۲۰	۰	۰	
ارہر	۱۹	۰	۰	۲۰	۰	۲۰	
برنج	ملا	۰	۳	۱۱	۰	۱۱	
روغن زرد	۱	۱	۱	۱	۰	۱	
روغن سیاہ	۳	۳	۳	۳	۰	۳	
روغن کنجد	۰	۳	۰	۰	۰	۳	
نمک سانبھر	۸	۸	۹	۸	۰	۹	
نمک [illegible]	۷	۶	۵	۷	۰	۶	
قند سیاہ	۷	۷	[illegible]	[illegible]	۰	۷	

مطبوعہ مطبع ... ریاست رامپور